سوال

(134)احرام باندھے ہوئے کے سر سے بال گرنے کا حکم

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

اگر عورت نے احرام باندھا ہوا اور بے اختیار اس کے سر سے بال گرجائیں تو وہ کیا کرے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اگر کسی محرم کے سر سے بال گرجائیں، خواہ وہ مرد ہو یا عورت اور یہ بات وضو کرتے وقت سر کا مسح کرنے سے ہو یا سر دھونے سے ہو، اس کا کچھ مضائقہ نہیں۔ اسی طرح اگر مرد کی داڑھی سے یا اس کی مونچھوں سے یا ناخنوں سے کچھ گر جائے تو بھی چنداں مضائقہ نہیں جبکہ اس نے عمداً ایسا نہ کیا ہو۔ ممنوع بات صرف یہ ہے کہ وہ احرام کی حالت میں دانستہ اپنے بال یا اپنے ناخن کاٹے۔ اسی طرح عورت بھی دانستہ کچھ نہ کاٹے۔ پھر اگر بلاارادہ بال گرجاتے ہیں تو وہ مردہ بال ہوتے ہیں جو حرکت کے وقت گرجاتے ہیں۔ ان کے گرنے کا کچھ نقصان نہیں۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ دارالسلام

ج1

محدث فتویٰ